واربرٹن میں

دورۂ حدیث کے شعبہ کا اجراء

منڈی واربرٹن (ضلع شیخوپورہ) میں مدرسہ ترتیل القرآن والتجوید کی طرف سے دورۂ حدیث کے لیے ایک خاص شعبہ کا اضافہ کیا گیا ہے جس کا نام "درسگاہ صفہ" رکھا گیا ہے۔ اس میں درس نظامی کے معروف طریقے کے مطابق اختتامی کلاس کے طور پر اور تھوڑی سی ترمیم کے ساتھ صحیحین میں سے صرف صحیح بخاری اور سنن اربعہ میں سے صرف سنن ابی داؤد پڑھائی جائیں گی۔ صحیح بخاری سے صحیح مسلم اور ابی داؤد سے سنن اربعہ کی تجدید اور تکمیل ممکن ہوگی۔ کوشش کی جائے گی کہ آج سے ساڑھے گیارہ سو سال پہلے کی بخاری، ابوداؤد کو ۱۴۰۲ھ کے عصری ماحول کو سامنے رکھ کر پیش کیا جائے۔ واللہ ولی التوفیق!

اس کے لیے مشہور اہل قلم، مفتی، عالم دین اور شارح بخاری حضرت مولانا عزیز زبیدی صاحب کی خدمات حاصل کر لی گئی ہیں جنہوں نے اپنی خصوصی مصروفیت کے باوجود انجمن کی درخواست قبول فرمالی ہے۔ مولانا موصوف قرآن وحدیث کی تشریح و تفسیر کے سلسلے میں بالکل منفرد اور خاص اسلوب بیان رکھتے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ درس نظامی کے طلبہ اس سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کریں۔ باقاعدہ تعلیم تو اسی سال ۱۵ شوال سے شروع کر دی جائے گی۔ لیکن اس میں داخلہ کے خواہشمند طلبہ سے درخواستیں ۱۵۔ شعبان سے ۱۵۔ شوال تک وصول کی جائیں گی۔ ان شاء اللہ العزیز۔ طلبہ کے ضروری اور بنیادی مصارف درس گاہ کے ذمہ ہوں گے۔

الداعی الی الخیر: صدر انجمن الحاج عبدالقیوم صاحب

مدرسہ ترتیل القرآن والتجوید

پرانی جامع مسجد اہلحدیث واربرٹن (شیخوپورہ)